thesuffah
Quran, Hadith & You

القرآن الكريم

أعوذ باللہ من الشیطان الرجیم

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی شیطان کے شر سے

سُوۡرَۃُ العَنکبوت(مکي)

اٰیاتُھَا-٦٩ | رُکُوۡ عَاتُھَا-٧

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ
المنزل-٥ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ﴿45﴾

جو کتاب تیری طرف وحی کی گئی ہے اسے پڑھا کرو اور نماز ﴿45﴾
کے پابند رہو بے شک نماز بے حیائی اوربری بات سے روکتی ہے
المنزل-٥ اور اللہ کی یاد بہت بڑی چیز ہے اور اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو

وَلَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۖ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ وَقُوْلُوْٓا
اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَاُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّنَحْنُ لَهٗ
مُسْلِمُوْنَ ﴿46﴾

اور اہل کتاب سے نہ جھگڑو مگر ایسے طریقے سے جو عمدہ ہو ﴿46﴾
مگر جو ان میں بے انصاف ہیں اور کہہ دو ہم اس پر ایمان لائے جو
ہماری طرف نازل کیا گیا اور تمہاری طرف نازل کیا گیا اور ہمارا
اور تمہارا معبود ایک ہی ہے اور ہم اسی کے فرمانبردار ہونے والے
ہیں

وَكَذٰلِكَ اَنۡزَلۡنَاۤ اِلَيۡكَ الۡكِتٰبَ‌ؕ فَالَّذِيۡنَ اٰتَيۡنٰهُمُ الۡكِتٰبَ يُؤۡمِنُوۡنَ بِهٖ‌ۚ وَمِنۡ هٰٓؤُلَاۤءِ

مَنۡ يُّؤۡمِنُ بِهٖ‌ؕ وَمَا يَجۡحَدُ بِاٰيٰتِنَاۤ اِلَّا الۡكٰفِرُوۡنَ ﴿47﴾

اور اسی طرح ہم نے تیری طرف کتاب نازل کی ہے پھر جنہیں ہم ﴿47﴾
نے کتاب دی تھی وہ تو اس پر ایمان لائے ہیں اور ان میں سے بھی
کچھ لوگ اس پر ایمان لائے ہیں اور ہماری آیتوں کا کافر ہی انکار کیا
کرتے ہیں

وَمَا كُنۡتَ تَتۡلُوۡا مِنۡ قَبۡلِهٖ مِنۡ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيۡنِكَ‌ اِذًا لَّارۡتَابَ الۡمُبۡطِلُوۡنَ

﴿48﴾

اور اس سے پہلے نہ تو کوئی کتاب پڑھتا تھا اور نہ اسے اپنے ﴿48﴾
دائیں ہاتھ سے لکھتا تھا اس وقت االبتہ باطل پرست شک کرتے

بَلۡ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِىۡ صُدُوۡرِ الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡعِلۡمَ‌ؕ وَمَا يَجۡحَدُ بِاٰيٰتِنَاۤ اِلَّا

الظّٰلِمُوۡنَ ﴿49﴾

بلکہ وہ روشن آیتیں ہیں ان کے دلوں میں جنہیں علم دیا گیاہے اور ﴿49﴾
ہماری آیتوں کا صرف ظالم ہی انکار کرتے ہیں

وَقَالُوۡا لَوۡلَاۤ اُنۡزِلَ عَلَيۡهِ اٰيٰتٌ مِّنۡ رَّبِّهٖ‌ؕ قُلۡ اِنَّمَا الۡاٰيٰتُ عِنۡدَ اللّٰهِ‌ؕ وَاِنَّمَاۤ اَنَا۠ نَذِيۡرٌ

مُّبِيۡنٌ ﴿50﴾

اور کہتے ہیں اس پر اس کے رب کی طرف سے نشانیاں کیوں نہ ﴿50﴾
اتریں کہہ دو نشانیاں تو اللہ ہی کے اختیار میں ہیں اور میں تو بس

کھول کر سنا دینے والا ہوں

اَوَلَمۡ یَکۡفِہِمۡ اَنَّاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلَیۡکَ الۡکِتٰبَ یُتۡلٰی عَلَیۡہِمۡ ؕ اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَرَحۡمَۃً وَّ ذِکۡرٰی
لِقَوۡمٍ یُّؤۡمِنُوۡنَ ﴿51﴾ ع

کیا ان کے لیے یہ کافی نہیں کہ ہم نے تجھ پر کتاب نازل کی جو ان ﴿51﴾
پر پڑھی جاتی ہے بے شک اس میں رحمت ہے اور ایمان والوں کے
لیے نصیحت ہے ع

قُلۡ کَفٰی بِاللّٰہِ بَیۡنِیۡ وَ بَیۡنَکُمۡ شَہِیۡدًا ۚ یَعۡلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ وَ الَّذِیۡنَ
اٰمَنُوۡا بِالۡبَاطِلِ وَ کَفَرُوۡا بِاللّٰہِ ۙ اُولٰٓئِکَ ہُمُ الۡخٰسِرُوۡنَ ﴿52﴾

کہہ دو الله میرے اور تمہارے درمیان گواہ کافی ہے جو کچھ ﴿52﴾
آسمانوں اور زمین میں ہے جانتا ہے اور جو لوگ جھوٹ پر ایمان
لائے اور الله کا انکار کیا وہی نقصان پانے والے ہیں

وَ یَسۡتَعۡجِلُوۡنَکَ بِالۡعَذَابِ ؕ وَ لَوۡ لَاۤ اَجَلٌ مُّسَمًّی لَّجَآءَہُمُ الۡعَذَابُ ؕ وَ لَیَاۡتِیَنَّہُمۡ بَغۡتَۃً
وَّ ہُمۡ لَا یَشۡعُرُوۡنَ ﴿53﴾

اور تجھ سے عذاب جلدی مانگتے ہیں اور اگر ایک وعدہ مقرر نہ ﴿53﴾
ہوتا تو ان پر عذاب آ جاتا اور البتہ ان پر اچانک آئے گا اور انہیں
خبر بھی نہ ہوگی

یَسۡتَعۡجِلُوۡنَکَ بِالۡعَذَابِ ؕ وَ اِنَّ جَہَنَّمَ لَمُحِیۡطَۃٌۢ بِالۡکٰفِرِیۡنَ ﴿54﴾ ۙ

تجھ سے عذاب جلدی مانگتے ہیں اور بے شک دوزخ کافروں کو ﴿54﴾
گھیرلینے والی ہے

يَوْمَ يَغْشٰهُمُ الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ وَيَقُوْلُ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿55﴾

جس دن عذاب انہیں ان کے اوپر سے اور پاؤں کے نیچے سے ﴿55﴾
گھیر لے گا اور کہے گا جو تم کیا کرتے تھے اس کا مزہ چکھو

يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ اَرْضِيْ وَاسِعَةٌ فَاِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ ﴿56﴾

اے میرے بندو جو ایمان لائے ہو میری زمین کشادہ ہے پس میری ﴿56﴾
ہی عبادت کرو

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ۗ ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿57﴾

ہر جاندار موت کا مزہ چکھنے والا ہے پھر ہمارے ہی پاس پھر کر ﴿57﴾
آؤ گے

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿58﴾

اور جو ایمان لائے اور نیک کام کیے البتہ ہم انہیں جنت کے بالا ﴿58﴾
خانوں میں جگہ دیں گے جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی وہاں
ہمیشہ رہیں گے عمل کرنے والوں کا کیا اچھا بدلہ ہے

الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰي رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿59﴾

جنہوں نے صبر کیا اور اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں ﴿59﴾

وَكَاَيِّنۡ مِّنۡ دَآبَّةٍ لَّا تَحۡمِلُ رِزۡقَهَا ۖ اللّٰهُ يَرۡزُقُهَا وَاِيَّاكُمۡ ۖ وَهُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ ﴿60﴾

اور بہت سے جانور ہیں جو اپنا رزق اٹھائے نہیں پھرتے اللہ ہی ﴿60﴾
انہیں اور تمہیں رزق دیتا ہے اور وہ سننے والا جاننے والا ہے

وَلَٮِٕنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَسَخَّرَ الشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ لَيَقُوۡلُنَّ
اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى يُؤۡفَكُوۡنَ ﴿61﴾

اور البتہ اگر تو ان سے پوچھے کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے ﴿61﴾
پیدا کیا اور سورج اور چاند کو کس نے کام میں لگایا تو ضرور کہیں
گے اللہ نے پھر کہاں الٹے جا رہے ہیں

اَللّٰهُ يَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ يَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِهٖ وَيَقۡدِرُ لَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ ﴿62﴾
اللہ ہی اپنے بندوں میں سے جس کے لیے چاہتا ہے رزق کشادہ کر ﴿62﴾
دیتا ہے اورتنگ کر دیتا ہے بے شک اللہ ہر چیز کا جاننے والا ہے

وَلَٮِٕنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحۡيَا بِهِ الۡاَرۡضَ مِنۡۢ بَعۡدِ مَوۡتِهَا
لَيَقُوۡلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ ؕ بَلۡ اَكۡثَرُهُمۡ لَا يَعۡقِلُوۡنَ ﴿63﴾
اور البتہ اگر تو ان سے پوچھے آسمان سے کس نے پانی اتارا پھر ﴿63﴾
اس سے زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کیا کہیں گے اللہ نے

کہہ دو سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے لیکن ان میں سے اکثر نہیں
سمجھتے ع۲

وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ ۭ وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوْا
يَعْلَمُوْنَ ﴿64﴾

اور یہ دنیا کی زندگی تو صرف کھیل اور تماشا ہے اور اصل ﴿64﴾
زندگی عالم آخرت کی ہے کاش وہ سمجھتے

فَاِذَا رَكِبُوْا فِي الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ڬ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا
هُمْ يُشْرِكُوْنَ ۙ﴿65﴾

پھر جب کشتی میں سوار ہوتے ہیں تو خالص اعتقاد سے اللہ ہی کو ﴿65﴾
پکارتے ہیں پھر جب انہیں نجات دے کر خشکی کی طرف لے آتا ہے
فوراً ہی شرک کرنے لگتے ہیں

لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۚ ۙ وَلِيَتَمَتَّعُوْا ۫ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿66﴾

تاکہ ناشکری کریں اس نعمت کی جو ہم نے انہیں دی تھی اور مزے ﴿66﴾
اڑاتے رہیں عنقریب انہیں معلوم ہو جائے گا

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا وَّيُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ۭ اَفَبِالْبَاطِلِ
يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَكْفُرُوْنَ ﴿67﴾

کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم نے حرم کو امن کی جگہ بنا دیا ہے اور ﴿67﴾
لوگ ان کے آس پاس سے اچک لیے جاتے ہیں کیا یہ لوگ جھوٹ پر

ایمان رکھتے ہیں اور اللہ کی نعمت کی ناشکری کرتے ہیں

وَمَنۡ اَظۡلَمُ مِمَّنِ افۡتَرٰی عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا اَوۡ کَذَّبَ بِالۡحَقِّ لَمَّا جَآءَہٗ ؕ اَلَیۡسَ فِیۡ جَہَنَّمَ مَثۡوًی لِّلۡکٰفِرِیۡنَ ﴿68﴾

اور اس سے بڑھ کر کون ظالم ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھے یا حق ﴿68﴾ کو جھٹلائے جب اس کے پاس آئے کیا دوزخ میں کافروں کا ٹھکانہ نہیں ہے

وَالَّذِیۡنَ جَاہَدُوۡا فِیۡنَا لَنَہۡدِیَنَّہُمۡ سُبُلَنَا ؕ وَاِنَّ اللّٰہَ لَمَعَ الۡمُحۡسِنِیۡنَ ﴿69﴾ ع

اور جنہوں نے ہمارے لیے کوشش کی ہم انہیں ضرور اپنی راہیں ﴿69﴾ سمجھا دیں گے اور بے شک اللہ نیکو کاروں کے ساتھ ہے ۳ع

رُكُوْ عَاتُهَا-۶	سُوْرَةُ الرُّوم(مكي)	اٰيَاتُهَا-۶۰
	بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ	
	شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے	

الٓمّٓ ۚ ﴿1﴾

الٓمٓ ﴿1﴾

غُلِبَتِ الرُّوۡمُ ۙ ﴿2﴾

روم مغلوب ہو گئے ﴿2﴾

فِیۡۤ اَدۡنَی الۡاَرۡضِ وَہُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ غَلَبِہِمۡ سَیَغۡلِبُوۡنَ ۙ ﴿3﴾

نزدیک کے ملک میں اور وہ مغلوب ہونے کے بعد عنقریب غالب ﴿3﴾ آجائیں گے

فِيۡ بِضۡعِ سِنِيۡنَ ؕ لِلّٰهِ الۡاَمۡرُ مِنۡ قَبۡلُ وَمِنۡۢ بَعۡدُ ؕ وَيَوۡمَئِذٍ يَّفۡرَحُ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ۙ ④

چند ہی سال میں پہلے اور پچھلے سب کا م اللہ کے ہاتھ میں ہیں اور ④
اس دن مسلمان خوش ہوں گے

بِنَصۡرِ اللّٰهِ ؕ يَنۡصُرُ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الرَّحِيۡمُ ۙ ⑤

اللہ کی مدد سے مدد کرتا ہے جس کی چاہتا ہے اور وہ غالب رحم ⑤
والا ہے

وَعۡدَ اللّٰهِ ؕ لَا يُخۡلِفُ اللّٰهُ وَعۡدَهٗ وَلٰـكِنَّ اَكۡثَرَ النَّاسِ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ⑥

اللہ کا وعدہ ہو چکا اللہ اپنے وعدہ کا خلاف نہیں کرے گا لیکن اکثر ⑥
آدمی نہیں جانتے

يَعۡلَمُوۡنَ ظَاهِرًا مِّنَ الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا ۖۚ وَهُمۡ عَنِ الۡاٰخِرَةِ هُمۡ غٰفِلُوۡنَ ⑦

دنیا کی زندگی کی ظاہر باتیں جانتے ہیں اور وہ آخرت سے غافل ⑦
ہی ہیں

اَوَلَمۡ يَتَفَكَّرُوۡا فِيۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ ۗ مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَمَا بَيۡنَهُمَاۤ اِلَّا
بِالۡحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وَاِنَّ كَثِيۡرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَآئِ رَبِّهِمۡ لَـكٰفِرُوۡنَ ⑧

کیا وہ اپنے دل میں خیال نہیں کرتے کہ اللہ نے آسمانوں اور زمین ⑧
کواور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے عمدگی سے اور وقت مقرر
تک کے لیے بنایا ہے اور بے شک بہت سے لوگ اپنے رب سے
ملنے کے منکر ہیں

أَوَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ كَانُوا أَشَدَّ
مِنْهُمْ قُوَّةً وَأَثَارُوا الْأَرْضَ وَعَمَرُوهَا أَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوهَا وَجَاءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ
بِالْبَيِّنَاتِ ۖ فَمَا كَانَ اللَّهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلَٰكِنْ كَانُوا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ۚ ⑨

کیا انہوں نے ملک میں پھر کر نہیں دیکھا کہ ان سے پہلوں کا کیسا ⑨
انجام ہوا وہ ان سے بھی بڑھ کر قوت والے تھے اور انہوں نے زمین
کو جوتا تھا اور ان سے بہت زیادہ آباد کیا تھا اور ان کے پاس ان کے
رسول معجزات لے کر بھی آئے تھے پھر اللہ ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم
کرتا بلکہ وہی اپنے نفسوں پر ظلم کرتے تھے

ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِينَ أَسَاءُوا السُّوأَىٰ أَنْ كَذَّبُوا بِآيَاتِ اللَّهِ وَكَانُوا بِهَا
يَسْتَهْزِئُونَ ⑩ ع

پھر برا کرنے والوں کا انجام بھی برا ہی ہوا اس لیے کہ انہوں نے ⑩
اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا اور ان کی ہنسی اڑاتے رہے ع

اللَّهُ يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ⑪

اللہ ہی مخلوق کو پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر وہ اسے دوبارہ پیدا ⑪
کرے گا پھر اس کے پاس لوٹ کر آؤ گے

وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ الْمُجْرِمُونَ ⑫

اور جس دن قیامت قائم ہو گی گناہگار نا امید ہو جائیں گے ⑫

وَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ مِنْ شُرَكَائِهِمْ شُفَعَاءُ وَكَانُوا بِشُرَكَائِهِمْ كَافِرِينَ ⑬

اور ان کے معبودوں میں سے کوئی ان کی سفارش کرنے والا نہ ⑬
ہوگا اور اپنے معبودوں سے منکر ہو جائیں گے

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّتَفَرَّقُوْنَ ⑭
اور جس دن قیامت قائم ہوگی اس دن لوگ جدا جدا ہوجائیں گے ⑭

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ ⑮
پھر جو ایما ن لائے اورنیک کام کیے سووہ بہشت میں خوش حال ⑮
ہوں گے

وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآئِ الْاٰخِرَةِ فَاُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ
مُحْضَرُوْنَ ⑯
اورجنہوں نے انکار کیا اور ہماری آیتوں اور آخرت کے آنے کو ⑯
جھٹلایا وہ عذاب میں ڈالے جائیں گے

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ⑰
پھر اللہ کی تسبیح کرو جب تم شام کرو اور جب تم صبح کرو ⑰

وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ⑱
اور آسمانوں اور زمین میں اسی کی تعریف ہے اور پچھلے پہر بھی ⑱
اور جب دوپہر ہو

يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ
وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ⑲ ع

زندہ کو مردہ سے اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے اور زمین کو ⑲
اس کے مرنے کے بعد زندہ کرتا ہے اور اسی طرح تم نکالے جاؤ
گے
ع ۵

وَمِنۡ اٰيٰتِهٖۤ اَنۡ خَلَقَكُمۡ مِّنۡ تُرَابٍ ثُمَّ اِذَاۤ اَنۡتُمۡ بَشَرٌ تَنۡتَشِرُوۡنَ ⑳
اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ تمہیں مٹی سے بنایا پھر تم ⑳
انسان بن کر پھیل رہے ہو

وَمِنۡ اٰيٰتِهٖۤ اَنۡ خَلَقَ لَكُمۡ مِّنۡ اَنۡفُسِكُمۡ اَزۡوَاجًا لِّتَسۡكُنُوۡۤا اِلَيۡهَا وَجَعَلَ بَيۡنَكُمۡ
مَّوَدَّةً وَّرَحۡمَةً ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ يَّتَفَكَّرُوۡنَ ㉑
اور اس کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ تمہارے لیے تمہیں میں ㉑
سے بیویاں پیدا کیں تاکہ ان کے پاس چین سے رہو اور تمہارے
درمیان محبت اور مہربانی پیدا کر دی جو لوگ غور کرتے ہیں ان
کے لیے اس میں نشانیاں ہیں

وَمِنۡ اٰيٰتِهٖ خَلۡقُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَاخۡتِلَافُ اَلۡسِنَتِكُمۡ وَاَلۡوَانِكُمۡ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ
لَاٰيٰتٍ لِّلۡعٰلِمِيۡنَ ㉒
اور اس کی نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا اور ㉒
تمہاری زبانوں اور رنگتوں کا مختلف ہونا ہے بے شک اس میں علم
والوں کے لیے نشانیاں ہیں

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ مَنَامُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَابْتِغَآؤُكُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ
لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿23﴾

اور اس کی نشانیوں میں سے تمہارا رات اور دن میں سونا اور اس ﴿23﴾
کے فضل کا تلاش کرنا ہے بے شک اس میں سننے والوں کے لیے
نشانیاں ہیں

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَيُحْيٖ بِهِ
الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿24﴾

اور اس کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ تمہیں خوف اور امید دلانے ﴿24﴾
کو بجلی دکھاتا ہے اور اوپر سے پانی برساتا ہے پھراس سے زمین
خشک ہو جانے کے بعد زندہ کرتا ہے بے شک اس میں عقلمندوں کے
لئےنشانیاں ہیں

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ تَقُوْمَ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِهٖ ؕ ثُمَّ اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً ۖ مِّنَ
الْاَرْضِ ۖ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ ﴿25﴾

اور اس کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ آسمان اور زمین ا س کے ﴿25﴾
حکم سے قائم ہیں پھر جب تمہیں پکار کر زمین میں سے بلائے گا
اسی وقت تم نکل آؤ گے

وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿26﴾

اور اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اسکے ﴿26﴾
حکم کے تابع ہیں

وَهُوَ الَّذِیۡ یَبۡدَؤُا الۡخَلۡقَ ثُمَّ یُعِیۡدُہٗ وَهُوَ اَهۡوَنُ عَلَیۡہِ ؕ وَلَہُ الۡمَثَلُ الۡاَعۡلٰی فِی
السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ وَهُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ﴿27﴾ ع ۶ ع ربع

اور وہی ہے جو پہلی بار بناتا ہے پھر اسے لوٹائے گا اور وہ اس پر ﴿27﴾
آسان ہے اور آسمانوں اور زمین میں اس کی شان نہایت بلند ہے اور
وہ غالب حکمت والا ہے ع ۶ ربع

ضَرَبَ لَکُمۡ مَّثَلًا مِّنۡ اَنۡفُسِکُمۡ ؕ هَلۡ لَّکُمۡ مِّنۡ مَّا مَلَکَتۡ اَیۡمَانُکُمۡ مِّنۡ
شُرَکَآءَ فِیۡ مَا رَزَقۡنٰکُمۡ فَاَنۡتُمۡ فِیۡہِ سَوَآءٌ تَخَافُوۡنَهُمۡ کَخِیۡفَتِکُمۡ اَنۡفُسَکُمۡ ؕ کَذٰلِکَ
نُفَصِّلُ الۡاٰیٰتِ لِقَوۡمٍ یَّعۡقِلُوۡنَ ﴿28﴾

وہ تمہارے لیے تمہارے ہی حال کی ایک مثال بیان فرماتا ہے کیا ﴿28﴾
جن کے تم مالک ہو وہ اس میں جو ہم نے تمہیں دیا ہے تمہارے
شریک ہیں پھر اس میں تم برابر ہو تم ان سے اس طرح ڈرتے ہو جس
طرح اپنوں سے ڈرتے ہو اس طرح ہم عقل والوں کے لیے آیتیں کھول
کر بیان کرتے ہیں

بَلِ اتَّبَعَ الَّذِیۡنَ ظَلَمُوۡۤا اَهۡوَآءَهُمۡ بِغَیۡرِ عِلۡمٍ ۚ فَمَنۡ یَّهۡدِیۡ مَنۡ اَضَلَّ اللّٰہُ ؕ وَمَا
لَهُمۡ مِّنۡ نّٰصِرِیۡنَ ﴿29﴾

بلکہ یہ بے انصاف بے سمجھے اپنی خوہشوں پر چلتے ہیں پھر ﴿29﴾
کون ہدایت کر سکتا ہے جسے اللہ نے گمراہ کر دیا اور ان کا کوئی
بھی مددگار نہیں

فَاَقِمۡ وَجۡهَكَ لِلدِّيۡنِ حَنِيۡفًا‌ ؕ فِطۡرَتَ اللّٰهِ الَّتِىۡ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيۡهَا‌ ؕ لَا تَبۡدِيۡلَ
لِخَـلۡقِ اللّٰهِ‌ ؕ ذٰ لِكَ الدِّيۡنُ الۡقَيِّمُ ۙ وَلٰـكِنَّ اَكۡثَرَ النَّاسِ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ۙ ﴿30﴾
سو تو ایک طرف کا ہو کر دین پرسیدھا منہ کیے چلا جا اللہ کی دی ﴿30﴾
ہوئی قابلیت پر جس پر اس نے لوگوں کو پیدا کیا ہے اللہ کی بناوٹ
میں ردو بدل نہیں یہی سیدھا دین ہے لیکن اکثر آدمی نہیں جانتے

مُنِيۡبِيۡنَ اِلَيۡهِ وَاتَّقُوۡهُ وَاَقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوۡنُوۡا مِنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ۙ ﴿31﴾
اسی کی طرف رجوع کیے رہو اور اس سے ڈرو اور نماز قائم کرو ﴿31﴾
اور مشرکوں میں سے نہ ہوجاؤ

مِنَ الَّذِيۡنَ فَرَّقُوۡا دِيۡنَهُمۡ وَكَانُوۡا شِيَعًا‌ ؕ كُلُّ حِزۡبٍۢ بِمَا لَدَيۡهِمۡ فَرِحُوۡنَ ﴿32﴾
جنہوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور کئی فرقے ہو ﴿32﴾
گئے سب فرقے اسی سے خوش ہیں جو ان کے پا س ہے

وَاِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوۡا رَبَّهُمۡ مُّنِيۡبِيۡنَ اِلَيۡهِ ثُمَّ اِذَاۤ اَذَاقَهُمۡ مِّنۡهُ رَحۡمَةً اِذَا
فَرِيۡقٌ مِّنۡهُمۡ بِرَبِّهِمۡ يُشۡرِكُوۡنَ ۙ ﴿33﴾
اور ولوگوں کو جب کوئی دکھ پہنچتا ہے تو اپنے رب کی طرف ﴿33﴾
رجوع ہو کر اسے پکارتے ہیں پھر جب وہ انہیں اپنی رحمت کا مزہ
چکھاتا ہے توایک گروہ ان میں سے اپنے رب سے شرک کرنے لگتا
ہے

لِيَكۡفُرُوۡا بِمَاۤ اٰتَيۡنٰهُمۡ‌ؕ فَتَمَتَّعُوۡا ۙ فَسَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ ﴿34﴾

تاکہ جو ہم نے انہیں دیا ہے اس کی ناشکری کریں سو فائدہ اٹھا لو ﴿34﴾
عنقریب تمہیں معلوم ہو جائے گا

اَمۡ اَنۡزَلۡنَا عَلَيۡهِمۡ سُلۡطٰنًا فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوۡا بِهٖ يُشۡرِكُوۡنَ ﴿35﴾

کیا ہم نے ان کے لیے کوئی سند بھیجی ہے کہ وہ انہیں شرک کرنا ﴿35﴾
بتا رہی ہے

وَاِذَاۤ اَذَقۡنَا النَّاسَ رَحۡمَةً فَرِحُوۡا بِهَا‌ ؕ وَاِنۡ تُصِبۡهُمۡ سَيِّئَةٌ ۢ بِمَا قَدَّمَتۡ اَيۡدِيۡهِمۡ اِذَا
هُمۡ يَقۡنَطُوۡنَ ﴿36﴾

اور جب ہم لوگوں کو رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں تو اس پر خوش ﴿36﴾
ہوجاتے ہیں اور اگر انہیں ان کے گذشتہ اعمال کے سبب سے دکھ
پہنچتا ہے تو فوراً نا امید ہو جاتے ہیں

اَوَلَمۡ يَرَوۡا اَنَّ اللّٰهَ يَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ يَّشَآءُ وَيَقۡدِرُ‌ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ
يُّؤۡمِنُوۡنَ ﴿37﴾

کیا وہ نہیں دیکھتے کہ اللہ جس کے لیے چاہتا ہے رزق کشادہ کرتا ﴿37﴾
ہے اور تنگ کرتا ہے بے شک اس میں ایمان لانے والوں کے لیے
نشانیاں ہیں

فَاٰتِ ذَا الۡقُرۡبٰى حَقَّهٗ وَ الۡمِسۡكِيۡنَ وَابۡنَ السَّبِيۡلِ‌ؕ ذٰلِكَ خَيۡرٌ لِّلَّذِيۡنَ يُرِيۡدُوۡنَ وَجۡهَ
اللّٰهِ‌ۖ وَاُولٰٓـئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ﴿38﴾

پھر رشتہ دار اور محتاج اور مسافر کو اس کا حق دے یہ بہتر ہے 38
ان کے لیے جو اللہ کی رضا چاہتے ہیں اور وہی نجات پانے والے ہیں

وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا۟ فِيْٓ اَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ
زَكٰوةٍ تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ 39
اور جو سود پر تم دیتے ہو تاکہ لوگوں کے مال میں بڑھتا رہے سو 39
اللہ کے ہاں وہ نہیں بڑھتا اور جو زکواۃ دیتے ہو جس سے اللہ کی
رضا چاہتے ہو سو یہ وہ ہی لوگ ہیں جن کے دونے ہوئے

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ۭ هَلْ مِنْ شُرَكَاۗىِٕكُمْ
مَّنْ يَّفْعَلُ مِنْ ذٰلِكُمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ 40 ۧ
اللہ وہ ہے جس نے تمہیں پیدا کیا پھر تمہیں روزی دی پھر تمہیں 40
مارے گا پھر تمہیں زندہ کرے گا کیا تمہارے معبودوں میں سے کبھی
کوئی ایسا ہے جو ان کاموں میں سے کچھ بھی کر سکے وہ پاک ہے
اور ان کے شریکوں سے بلند ہے ع ۷

ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيْقَهُمْ بَعْضَ الَّذِيْ
عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ 41
خشکی اور تری میں لوگوں کے اعمال کے سبب سے فساد پھیل گیا 41
ہے تاکہ اللہ انہیں ان کے بعض اعمال کا مزہ چکھائے تاکہ وہ باز
آجائیں

قُلۡ سِیۡرُوۡا فِی الۡاَرۡضِ فَانۡظُرُوۡا کَیۡفَ کَانَ عَاقِبَۃُ الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلُ ؕ کَانَ اَکۡثَرُہُمۡ
مُّشۡرِکِیۡنَ ﴿42﴾

کہہ دو ملک میں چلو پھرو اور دیکھو جو لوگ پہلے گزرے ہیں ان ﴿42﴾
کا کیسا انجام ہوا ان میں سے اکثر مشرک ہی تھے

فَاَقِمۡ وَجۡہَکَ لِلدِّیۡنِ الۡقَیِّمِ مِنۡ قَبۡلِ اَنۡ یَّاۡتِیَ یَوۡمٌ لَّا مَرَدَّ لَہٗ مِنَ اللّٰہِ یَوۡمَئِذٍ
یَّصَّدَّعُوۡنَ ﴿43﴾

سو تو اپنا منہ سیدھی راہ پرسیدھا رکھ اس سے پہلے کہ وہ دن آ ﴿43﴾
پہنچے جسے اللہ کی طرف سے پھرنا نہیں اس دن لوگ جدا جدا ہوں
گے

مَنۡ کَفَرَ فَعَلَیۡہِ کُفۡرُہٗ ۚ وَ مَنۡ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنۡفُسِہِمۡ یَمۡہَدُوۡنَ ۙ ﴿44﴾

جس نے کفر کیا سو اس کے کفر کا وبال اسی پر ہے اور جس نے ﴿44﴾
اچھے کام کیے تو وہ اپنے لیے سامان کر رہے ہیں

لِیَجۡزِیَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنۡ فَضۡلِہٖ ؕ اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الۡکٰفِرِیۡنَ ﴿45﴾

تاکہ جو ایمان لائے اور اچھے ے کام کیے اللہ انہیں اپنے فضل سے ﴿45﴾
بدلہ دے بے شک اللہ ناشکروں کو پسند نہیں کرتا

وَ مِنۡ اٰیٰتِہٖۤ اَنۡ یُّرۡسِلَ الرِّیَاحَ مُبَشِّرٰتٍ وَّ لِیُذِیۡقَکُمۡ مِّنۡ رَّحۡمَتِہٖ وَ لِتَجۡرِیَ الۡفُلۡکُ
بِاَمۡرِہٖ وَ لِتَبۡتَغُوۡا مِنۡ فَضۡلِہٖ وَ لَعَلَّکُمۡ تَشۡکُرُوۡنَ ﴿46﴾

اور اس کی نشانیوں میں سے ایک یہ ہے کہ خوشخبری لانے والی ﴿46﴾
ہوائیں چلاتا ہے اور تاکہ تمہیں اپنی مہربانی کا کچھ مزہ چکھا دیں
اور تاکہ کشتیاں اس کے حکم سے چلیں اور تاکہ اس کے فضل سے
تلاش کرو اور تاکہ تم شکر کرو

وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَانْتَقَمْنَا مِنَ
الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا ؕ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿47﴾

اور ہم تم سے پہلے کتنے رسول اپنی اپنی قوم کے پاس بھیج چکے ﴿47﴾
ہیں سو ان کے پاس نشانیاں لے کر آئے پھر ہم نے ان سے بدلہ لیا جو
گناہگار تھے اور مومنوں کی مدد ہم پر لازم تھی

اَللّٰهُ الَّذِىْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَيَبْسُطُهٗ فِى السَّمَآءِ كَيْفَ يَشَآءُ وَيَجْعَلُهٗ
كِسَفًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ فَاِذَآ اَصَابَ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اِذَا
هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۚ ﴿48﴾

اللہ وہ ہے جو ہوائیں چلاتا ہے پھر وہ بادل کو اٹھاتی ہیں پھر اسے ﴿48﴾
آسمان میں جس طرح چاہے پھیلا دیتا ہےاور اسے ٹکڑے ٹکڑے کر
دیتا ہے پھر تو مینہ کو دیکھے گا کہ اس کے اندر سے نکلتا ہے پھر
جب اسے اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے پہنچاتا ہے تو وہ خوش
ہو جاتے ہیں

وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمُبْلِسِيْنَ ﴿49﴾

اور اگرچہ ان پر برسنے سے پہلے وہ نا امید تھے ﴿49﴾

فَانۡظُرۡ اِلٰۤى اٰثٰرِ رَحۡمَتِ اللّٰهِ كَيۡفَ يُحۡىِ الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحۡىِ
الۡمَوۡتٰى ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿50﴾
پھر تو اللہ کی رحمت کی نشانیوں کو دیکھ کہ زمین کو خشک ہونے ﴿50﴾
کے بعد کس طرح سر سبز کرتا ہے بے شک وہی مردوں کو پھر زندہ
کرنے والا ہے اوروہ ہر چیز پر قادر ہے

وَلَئِنۡ اَرۡسَلۡنَا رِيۡحًا فَرَاَوۡهُ مُصۡفَرًّا لَّظَلُّوۡا مِنۡۢ بَعۡدِهٖ يَكۡفُرُوۡنَ ﴿51﴾
اور اگر ہم ایسی ہوا چلائیں کہ جس سے وہ کھیتی کو زرد دیکھیں ﴿51﴾
تو اس کے بعدوہ ناشکری کرنے لگ جائیں

فَاِنَّكَ لَا تُسۡمِعُ الۡمَوۡتٰى وَلَا تُسۡمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوۡا مُدۡبِرِيۡنَ ﴿52﴾
بے شک تو مردوں کو نہیں سنا سکتا اور نہ بہروں کو آواز سنا ﴿52﴾
سکتا ہے جب وہ پیٹھ پھیر کرپھر جائیں

وَمَاۤ اَنۡتَ بِهٰدِ الۡعُمۡىِ عَنۡ ضَلٰلَتِهِمۡ ؕ اِنۡ تُسۡمِعُ اِلَّا مَنۡ يُّؤۡمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمۡ
مُّسۡلِمُوۡنَ ﴿53﴾ ع ۸
اور تم اندھوں کوان کے الٹے راستے سے سیدھے راستہ پر نہیں لا ﴿53﴾
سکتے تم تو بس انہیں لوگوں کو سنا سکتے ہو جو ہماری آیتوں پر
ایمان لاتے ہیں سو وہی ماننے والے ہیں ع ۸

اَللّٰهُ الَّذِىۡ خَلَقَكُمۡ مِّنۡ ضُعۡفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنۡۢ بَعۡدِ ضُعۡفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنۡۢ بَعۡدِ
قُوَّةٍ ضُعۡفًا وَّشَيۡبَةً ؕ يَخۡلُقُ مَا يَشَآءُ ۚ وَهُوَ الۡعَلِيۡمُ الۡقَدِيۡرُ ﴿54﴾

اللہ ہی ہے جس نے تمہیں کمزوری کی حالت میں پیدا کیا پھر 54
کمزوری کے بعد قوت عطا کی پھر قوت کے بعد ضعف اور بڑھاپا
بنایا جو چاہتاہے پیدا کرتا ہے اوروہی جاننے والا قدرت والا ہے

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ۙ مَا لَبِثُوْا غَيْرَ سَاعَةٍ ؕ كَذٰلِكَ كَانُوْا
يُؤْفَكُوْنَ 55

اورجس دن قیامت قائم ہو گی گناہگار قسمیں کھائیں گے کہ ہم ایک 55
گھڑی سے بھی زیادہ نہیں ٹھہرے تھے اسی طرح وہ الٹے جاتے تھے

وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَ الْاِيْمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ اِلٰى يَوْمِ الْبَعْثِ ۫
فَهٰذَا يَوْمُ الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ 56

اور جن لوگو ں کو علم اور ایمان دیا گیا تھا کہیں گے کہ اللہ کی 56
کتاب کے مطابق تم قیامت تک رہے ہو سو یہ قیامت کا ہی دن ہے
لیکن تمہیں اس کا یقین ہی نہ تھا

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ 57

تو اس دن ظالموں کو ان کا عذر کچھ فائدہ نہ دے گا اور نہ ان سے 57
توبہ قبول کی جائے گی

وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ وَلَئِنْ جِئْتَهُمْ بِاٰيَةٍ لَّيَقُوْلَنَّ
الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُبْطِلُوْنَ 58

اور ہم نے لوگوں کے لیے اس قرآن میں ہر طرح کی مثال بیان کر 58
دی ہے اور اگر تم ان کے سامنے کوئی نشانی پیش کرو تو کافر یہ
کہہ دیں گے کہ تم تو جھوٹے ہو

كَذٰلِكَ يَطۡبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوۡبِ الَّذِيۡنَ لَا يَعۡلَمُوۡنَ 59
جو لوگ یقین نہیں کرتے اللہ ان کے دلوں پر یونہی مہر کر دیتا ہے 59

فَاصۡبِرۡ اِنَّ وَعۡدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلَا يَسۡتَخِفَّنَّكَ الَّذِيۡنَ لَا يُوۡقِنُوۡنَ 60 ع
سوتو صبر کر بے شک اللہ کاوعدہ سچا ہے اور جو لوگ یقین نہیں 60
رکھتے وہ تجھے بےبرداشت نہ بنادیں ع

رُكُوۡ عَاتُهَا-۴	سُوۡرَةُ لقمَان(مكي)	اٰيَاتُهَا-۳۴

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓ ۚ 1
الٓمٓ 1

تِلۡكَ اٰيٰتُ الۡكِتٰبِ الۡحَكِيۡمِ ۙ 2
یہ آیتیں حکمت والی کتا ب کی ہیں 2

هُدًى وَّرَحۡمَةً لِّلۡمُحۡسِنِيۡنَ ۙ 3
جو نیک بختوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے 3

الَّذِيۡنَ يُقِيۡمُوۡنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤۡتُوۡنَ الزَّكٰوةَ وَهُمۡ بِالۡاٰخِرَةِ هُمۡ يُوۡقِنُوۡنَ ؕ 4

وہ جو نماز ادا کرتے ہیں اور زکواۃ دیتے ہیں اور آخرت پر بھی ④
یقین رکھتے ہیں

أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ⑤
یہی لوگ اپنے رب کی ہدایت پر ہیں اور یہی لوگ نجات پانے والے ⑤
ہیں

وَمِنَ النَّاسِ مَن يَشْتَرِي لَهْوَ الْحَدِيثِ لِيُضِلَّ عَن سَبِيلِ اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ
وَيَتَّخِذَهَا هُزُوًا ۚ أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ ⑥
اور بعض ایسے آدمی بھی ہیں جو کھیل کی باتوں کے خریدار ہیں ⑥
تاکہ بن سمجھے اللہ کی راہ سے بہکائیں اور اس کی ہنسی اڑائیں
ایسے لوگو ں کے لیے ذلت کا عذاب ہے

وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِ آيَاتُنَا وَلَّىٰ مُسْتَكْبِرًا كَأَن لَّمْ يَسْمَعْهَا كَأَنَّ فِي أُذُنَيْهِ وَقْرًا ۖ فَبَشِّرْهُ
بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ⑦
اورجب اس پر ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو تکبرکرتا ہوا منہ موڑ ⑦
لیتا ہے جیسے اس نے سنا ہی نہیں گویا اس کے دونوں کان بہرے ہیں
سواسے دردناک عذاب کی خوشخبری دے

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ جَنَّاتُ النَّعِيمِ ⑧
بے شک جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے ان کے لیے نعمت ⑧
کے باغ ہیں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ⑨
جہاں ہمیشہ رہیں گے اللہ کا سچا وعدہ ہو چکا اور وہ زبردست ⑨
حکمت والا ہے

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ
وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَاۗبَّةٍ ۭ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ
كَرِيْمٍ ⑩
آسمانوں کو بے ستون بنایا تم انہیں دیکھ رہے ہو اور زمین میں ⑩
مضبوط پہاڑ رکھ دیے تاکہ تمہیں لے کر ادھر ادھر نہ جھکے اور اس
میں ہر قسم کے جانور پھیلا دیے اور ہم نے آسمان سے مینہ برسایا
پھر ہم نے زمین میں ہر قسم کی عمدہ چیزیں اگائیں

هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَاَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ۭ بَلِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۧ
⑪ ع۱۰
یہ تو اللہ کی ساخت ہے پھر مجھے دکھاؤ کہ اس کے سوا غیر نے ⑪
ع۱۰ کیاپیدا کیا ہے بلکہ ظالم صریح گمراہی میں پڑے ہوئے ہیں

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ۭ وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ
وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ⑫
اور ہم نے لقمان کو دانائی عطا فرمائی کہ اللہ کا شکر کرتے رہو ⑫
اور جو شخص شکر کرے گا وہ اپنے ذاتی نفع کے لیے شکر کرتا ہے

اور جو ناشکری کرے گا تو اللہ بے نیاز خوبیوں والا ہے

وَاِذۡ قَالَ لُقۡمٰنُ لِابۡنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَىَّ لَا تُشۡرِكۡ بِاللّٰهِؕ اِنَّ الشِّرۡكَ لَظُلۡمٌ عَظِيۡمٌ ﴿13﴾

اور جب لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا تھا کہ ﴿13﴾ بیٹا اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرانا بے شک شرک کرنا بڑا بھاری ظلم ہے

وَوَصَّيۡنَا الۡاِنۡسٰنَ بِوَالِدَيۡهِۚ حَمَلَتۡهُ اُمُّهٗ وَهۡنًا عَلٰى وَهۡنٍ وَّفِصٰلُهٗ فِىۡ عَامَيۡنِ اَنِ اشۡكُرۡ لِىۡ وَلِـوَالِدَيۡكَؕ اِلَىَّ الۡمَصِيۡرُ ﴿14﴾ النصف

اور ہم نے انسان کو اس کے ماں باپ کے متعلق تاکید کی ہے اس ﴿14﴾ کی ماں نے ضعف پر ضعف اٹھا کر اسے پیٹ میں رکھا اور دو برس میں اس کا دودھ چھڑانا ہے تو میری اور اپنے ماں باپ کی شکر گزاری کرے میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے النصف

وَاِنۡ جَاهَدٰكَ عَلٰٓى اَنۡ تُشۡرِكَ بِىۡ مَا لَيۡسَ لَكَ بِهٖ عِلۡمٌ ۙ فَلَا تُطِعۡهُمَا وَصَاحِبۡهُمَا فِى الدُّنۡيَا مَعۡرُوۡفًا ۖ وَّاتَّبِعۡ سَبِيۡلَ مَنۡ اَنَابَ اِلَىَّ ۚ ثُمَّ اِلَىَّ مَرۡجِعُكُمۡ فَاُنَبِّئُكُمۡ بِمَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿15﴾

اور اگر تجھ پر اس بات کا زور ڈالیں تو میرے ساتھ اس کو شریک ﴿15﴾ بنائے جس کو تو جانتا بھی نہ ہو تو ان کا کہنا نہ مان اور دنیا میں ان کے ساتھ نیکی سے پیش آ اور ان لوگوں کی راہ پر چل جو میری

طرف رجوع ہوگئے پھر تمہیں لوٹ کر میرے ہی پاس آنا ہے پھر میں تمہیں بتاؤں گا کہ تم کیا کیا کرتے تھے

يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ⑯

بیٹا اگر کوئی عمل رائی کے دانہ کے برابر ہو پھر وہ کسی پتھر ⑯
کے اندر ہو یا وہ آسمان کے اندر ہو یا زمین کے اندر ہو تب بھی اللہ اس کو حاضر کر دے گا بے شک اللہ بڑا باریک بین (اور) باخبر ہے

يٰبُنَيَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰي مَآ اَصَابَكَ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ⑰

بیٹا نماز پڑھا کر اور اچھے کاموں کی نصیحت کیا کر اوربرے ⑰
کاموں سے منع کیا کر اور تجھ پر جو مصیبت آئے اس پر صبر کیا کر بے شک یہ ہمت کے کاموں میں سے ہیں

وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ⑱

اور لوگوں سے اپنا رخ نہ پھیر اور زمین پر اترا کر نہ چل بے ⑱
شک اللہ کسی تکبر کرنے والے فخر کرنے والے کو پسند نہیں کرتا

وَاقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ۭ اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ ۧ

۱۱ع ⑲

اور اپنے چلنے میں میانہ روی اختیار کر اور اپنی آواز پست کر ⑲ بے شک آوازوں میں سب سے بری آواز گدھوں کی ہے ۱۱ع

اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً ۭ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ⑳

کیا تم نے نہیں دیکھا جو کچھ آسمانوں میں اورجوکچھ زمین میں ہے ⑳ سب کو اللہ نے تمہارے کام پر لگایا رکھا ہے اور تم پر اپنی ظاہری اور باطنی نعمتیں پوری کر دی ہیں اور لوگوں میں سے ایسے بھی ہیں جو اللہ کے معاملے میں جھگڑتے ہیں نہ انہیں علم ہے اور نہ ہدایت ہے اور نہ روشنی بخشنے والی کتاب ہے

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَاۗءَنَا ۭ اَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ يَدْعُوْهُمْ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ㉑

اور جب ان سے کہا جاتا ہے اس پر چلو جو اللہ اس پر چلو جو اللہ ㉑ نے نازل کیا ہے تو کہتے ہیں کہ ہم تو اس پر چلیں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے کیا اگرچہ شیطان ان کے بڑوں کو دوزخ کے عذاب کی طرف بلاتا رہا ہو

وَمَنۡ يُّسۡلِمۡ وَجۡهَهٗۤ اِلَى اللّٰهِ وَهُوَ مُحۡسِنٌ فَقَدِ اسۡتَمۡسَكَ بِالۡعُرۡوَةِ الۡوُثۡقٰى‌ؕ وَاِلَى اللّٰهِ عَاقِبَةُ الۡاُمُوۡرِ ﴿22﴾

اور جس نے نیک ہو کر اپنا منہ اللہ کے سامنے جھکا دیا تو اس نے ﴿22﴾ مضبوط کڑے کو تھام لیا اور آخر کار ہر معاملہ اللہ ہی کے حضور میں پیش ہونا ہے

وَمَنۡ كَفَرَ فَلَا يَحۡزُنۡكَ كُفۡرُهٗ‌ ؕ اِلَيۡنَا مَرۡجِعُهُمۡ فَنُنَبِّئُهُمۡ بِمَا عَمِلُوۡا‌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ﴿23﴾

اور جس نے انکار کیا پس تو اس کے انکار سے غم نہ کھا انہیں ﴿23﴾ ہمارے پاس آنا ہے پھر ہم انہیں بتا دیں گے کہ انہوں نے کیا کیا ہے بے شک اللہ دلوں کے راز جانتا ہے

نُمَتِّعُهُمۡ قَلِيۡلًا ثُمَّ نَضۡطَرُّهُمۡ اِلٰى عَذَابٍ غَلِيۡظٍ ﴿24﴾

ہم انہیں تھوڑا سا عیش دے رہے ہیں پھر ہم انہیں سخت عذاب کی ﴿24﴾ طرف گھسیٹ کر لے جائیں گے

وَلَئِنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ لَيَقُوۡلُنَّ اللّٰهُ‌ؕ قُلِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ‌ؕ بَلۡ اَكۡثَرُهُمۡ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿25﴾

اور اگر آپ ان سے پوچھیں کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے بنایا ﴿25﴾ ہے تو ضرور کہیں گے کہ اللہ نے کہہ دو الحمدُللہ بلکہ ان میں سے اکثر نہیں جانتے

لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ (26)
اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے بے شک اللہ بے (26)
نیاز سب خوبیوں والا ہے

وَلَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ یَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا
نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ (27)
اوراگروہ جو زمین میں درخت ہیں سب قلم ہوجائیں گے اور دریا (27)
سیاہی اس کے بعد اس دریا میں سات اور دریا سیاہی کے آ ملیں تو
بھی اللہ کی باتیں ختم نہ ہوں بے شک اللہ زبردست حکمت والا ہے

مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِیْعٌۢ بَصِیْرٌ (28)
تم سب کا پیدا کرنا اور مرنے کے بعد زندہ کرنا ایسا ہی ہے جیسا (28)
ایک شخص کا بے شک اللہ سنتا دیکھتا ہے

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ یُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّهَارِ وَیُوْلِجُ النَّهَارَ فِی الَّیْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ
وَالْقَمَرَ ۫ كُلٌّ یَّجْرِیْۤ اِلٰۤی اَجَلٍ مُّسَمًّی وَّاَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ (29)
کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن (29)
کو رات میں داخل کرتا ہے اور سورج اور چاند کو کام پر لگا رکھا
ہے ہر ایک وقت مقرر تک چلتا رہے گا اور یہ کہ اللہ تمہارے کام
سے خبردار ہے

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الۡحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِهِ الۡبَاطِلُ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الۡعَلِىُّ الۡكَبِيۡرُ ﴿30﴾ ع ۱۲

یہ اس لیے کہ اللہ ہی حق ہے اور اس کے سوا جس کو وہ پکارتے ﴿30﴾
ہیں جھوٹ ہے اور اللہ ہی بلند مرتبہ بزرگ ہے ع ۱۲

اَلَمۡ تَرَ اَنَّ الۡفُلۡكَ تَجۡرِىۡ فِى الۡبَحۡرِ بِنِعۡمَتِ اللّٰهِ لِيُرِيَكُمۡ مِّنۡ اٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوۡرٍ ﴿31﴾

کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی کے فضل سے دریا میں کشتیاں ﴿31﴾
چلتی ہیں تاکہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھائے بے شک اس میں ہر ایک
صابر شاکر کےلیے نشانیاں ہیں

وَاِذَا غَشِيَهُمۡ مَّوۡجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخۡلِصِيۡنَ لَهُ الدِّيۡنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰهُمۡ اِلَى الۡبَرِّ فَمِنۡهُمۡ مُّقۡتَصِدٌ ؕ وَمَا يَجۡحَدُ بِاٰيٰتِنَاۤ اِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوۡرٍ ﴿32﴾

اور جب انہیں سائبانوں کی طرح موج ڈھانک لیتی ہے تو خالص ﴿32﴾
اعتقاد سے اللہ ہی کو پکارتے ہیں پھر جب انہیں نجات دے کر خشکی
کی طرف لےآتا ہے تو بعض ان میں سے راہِ راست پر رہتے ہیں اور
ہماری نشانیوں سے وہی لوگ انکار کرتے ہیں جو بد عہد نا شکر
گزار ہیں

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوۡا رَبَّكُمۡ وَاخۡشَوۡا يَوۡمًا لَّا يَجۡزِىۡ وَالِدٌ عَنۡ وَّلَدِهٖ ۖ وَلَا مَوۡلُوۡدٌ هُوَ جَازٍ عَنۡ وَّالِدِهٖ شَيۡـًٔـا ؕ اِنَّ وَعۡدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الۡحَيٰوةُ الدُّنۡيَا ۚ وقفة وَلَا

يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿33﴾

اے لوگو اپنے رب سے ڈرو اور اس دن سے ڈرو جس میں نہ باپ ﴿33﴾
اپنے بیٹے کے کام آئے گا اور نہ بیٹا اپنے باپ کے کچھ کام آئے گا
الله کا وعدہ سچا ہے پھر دنیا کی زندگی تمہیں دھوکا میں نہ ڈال دے
اور نہ دغا باز تمہیں الله سے دھوکہ میں رکھیں

اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ ۭ وَمَا تَدْرِيْ
نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ۭ وَّمَا تَدْرِيْ نَفْسٌۢ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ
خَبِيْرٌ ﴿34﴾ ع ۱۳

بے شک الله ہی کو قیامت کی خبر ہے اور وہی مینہ برساتا ہے اور ﴿34﴾
وہی جانتا ہے جو کچھ ماؤں کے پیٹوں میں ہوتا ہے اور کوئی نہیں
جانتا کہ کل کیا کرے گا اور کوئی نہیں جانتا کہ کس زمین پر مرے گا
بے شک الله جاننے والا خبردار ہے ع ۱۳

اٰیاتُہَا-۳۰	سُوْرَةُ السَّجدَة(مکي)	رُکُوْعاتُہَا-۳
	بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ	
	شروع الله کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے	

الٓمّٓ ﴿1﴾

المٓ ﴿1﴾

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۭ ﴿2﴾

اس میں کچھ شک نہیں کہ یہ کتاب جہان کے پالنے والے کی طرف ﴿2﴾
سے نازل ہوئی ہے

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ لِتُنذِرَ قَوْمًا مَّا أَتَاهُم مِّن نَّذِيرٍ مِّن
قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُونَ 3

کیا وہ کہتے ہیں کہ اس نے خود بنائی ہے بلکہ یہ سچی کتاب تیرے 3
رب کی طرف سے ہے تاکہ تو اس قوم کوڈرائے جن کے پاس تجھ
سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا تاکہ وہ راہ پر آئیں

اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى
الْعَرْشِ ۗ مَا لَكُم مِّن دُونِهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا شَفِيعٍ ۗ أَفَلَا تَتَذَكَّرُونَ 4

اللہ وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو اورجو کچھ ان میں ہے 4
چھ روز میں بنایا پھر عرش پر قائم ہوا تمہارے لیے اس کے سوا نہ
کوئی کارساز ہے نہ سفارشی پھر کیا تم نہیں سمجھتے

يُدَبِّرُ الْأَمْرَ مِنَ السَّمَاءِ إِلَى الْأَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ أَلْفَ
سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّونَ 5

وہ آسمان سے لے کر زمین تک ہر کام کی تدبیر کرتا ہے پھراس دن 5
بھی جس کی مقدار تمہاری گنتی سے ہزار برس ہو گی وہ انتظام اس
کی طرف رجوع کرے گا

ذَٰلِكَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۙ 6

وہی چھپی اور کھلی بات کا جاننے والا زبردست مہربان ہے 6

الَّذِي أَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهُ ۖ وَبَدَأَ خَلْقَ الْإِنسَانِ مِن طِينٍ ۚ 7

جس نے جو چیز بنائی خوب بنائی اور انسان کی پیدائش مٹی سے ⑦
شروع کی

ثُمَّ جَعَلَ نَسۡلَهٗ مِنۡ سُلٰلَةٍ مِّنۡ مَّآءٍ مَّهِیۡنٍ ۚ⑧
پھر اس کی اولاد نچڑے ہوئے حقیر پانی سے بنائی ⑧

ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِیۡهِ مِنۡ رُّوۡحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمۡعَ وَالۡاَبۡصَارَ وَالۡاَفۡـِٕدَةَ ؕ قَلِیۡلًا
مَّا تَشۡكُرُوۡنَ ⑨
پھراس کے اعضا درست کیے اور اس میں اپنی روح پھونکی اور ⑨
تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دل بنایا تم بہت تھوڑا شکر کرتے ہو

وَقَالُوۡۤا ءَاِذَا ضَلَلۡنَا فِی الۡاَرۡضِ ءَاِنَّا لَفِیۡ خَلۡقٍ جَدِیۡدٍ ۬ؕ بَلۡ هُمۡ بِلِقَآءِ رَبِّهِمۡ
كٰفِرُوۡنَ ⑩
اور کہتے ہیں کہ ہم جب زمین میں نیست و نابود ہو گئے تو کیا پھر ⑩
نئے سرے سے پیدا ہوں گے بلکہ وہ اپنے رب سے ملنے کے منکر
ہیں

قُلۡ یَتَوَفّٰىكُمۡ مَّلَكُ الۡمَوۡتِ الَّذِیۡ وُكِّلَ بِكُمۡ ثُمَّ اِلٰی رَبِّكُمۡ تُرۡجَعُوۡنَ ۠⑪ ع۱۴
کہہ دو تمہاری جان موت کا وہ فرشتہ قبض کرے گا جو تم پر مقرر ⑪
ع۱۴ کیا گیا ہے پھر تم اپنے رب کے پاس لوٹائے جاؤ گے

وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا
فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ⑫

اور کبھی تو دیکھے جس وقت منکر اپنے رب کے سامنے سر ⑫
جھکائے ہوئے ہوں گے اے رب ہمارے ہم نے دیکھ اور سن لیا اب
ہمیں پھر بھیج دے کہ اچھے کام کریں ہمیں یقین آ گیا ہے

وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ
الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ⑬

اور اگر ہم چاہتے ہیں تو ہر شخص کو ہدایت پر لے آتے لیکن ⑬
ہماری بات پوری ہو کر رہی کہ ہم جنوں اور آدمیوں سے جہنم بھر کر
رہیں گے

فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَاۗءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا
كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ⑭

تو اب اس کا مزہ چکھو کہ تم اپنے اس دن کے آنے کو بھول گئے ⑭
تھے ہم نے تمہیں بھلا دیا اور اپنے کیے کے بدلہ میں ہمیشہ کا عذاب
چکھو

اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ
وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۩ السجدۃ ⑮

بس ہماری آیتوں پر وہ ایمان لاتے ہیں کہ جب انہیں وہ آیتیں یاد ⑮
دلائی جاتی ہیں تو وہ سجدہ میں گر پڑتے ہیں اور اپنے رب کی حمد
کے ساتھ تسبیح بیان کرتے ہیں اور وہ تکبر نہیں کرتے السجدۃ

تَتَجَافٰى جُنُوۡبُهُمۡ عَنِ الۡمَضَاجِعِ يَدۡعُوۡنَ رَبَّهُمۡ خَوۡفًا وَّطَمَعًا وَّمِمَّا رَزَقۡنٰهُمۡ
يُنۡفِقُوۡنَ ⑯

اپنے بستروں سے اٹھ کر اپنے رب کو خوف اور امید سے پکارتے ⑯
ہیں اور ہمارے دیئے میں سے کچھ خرچ بھی کرتے ہیں

فَلَا تَعۡلَمُ نَفۡسٌ مَّاۤ اُخۡفِىَ لَهُمۡ مِّنۡ قُرَّةِ اَعۡيُنٍ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ⑰

پھر کوئی شخص نہیں جانتا کہ ان کے عمل کے بدلہ میں ان کی ⑰
آنکھو ں کی کیا ٹھنڈک چھپا رکھی ہے

اَفَمَنۡ كَانَ مُؤۡمِنًا كَمَنۡ كَانَ فَاسِقًا ‌ؕ لَا يَسۡتَوٗنَ ⑱

کیا مومن اس کے برابر ہے جو نا فرمان ہو برابر نہیں ہو سکتے ⑱

اَمَّا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمۡ جَنّٰتُ الۡمَاۡوٰى نُزُلًاۢ بِمَا كَانُوۡا
يَعۡمَلُوۡنَ ⑲

سو وہ لوگ جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے تو ان کے ان کاموں ⑲
کے سبب جو وہ کیا کرتے تھے مہمانی میں ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں

وَاَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا
وَ قِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ⑳
اور جنہوں نے نافرمانی کی ان کا ٹھکانا آگ ہے جب وہاں سے ⑳
نکلنے کا ارداہ کریں گے تو اس میں پھر لوٹا دیئے جائیں گے اور
انہیں کہا جائے گا آگ کا وہ عذاب چکھو جسے تم جھٹلایا کرتے تھے

وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ الْاَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ㉑
اور ہم انہیں قریب کا عذاب بھی اس بڑے عذاب سے پہلے چکھائیں ㉑
گے تاکہ وہ باز آ جائیں

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ؕ اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ
مُنْتَقِمُوْنَ ㉒ ع ۱۵
اوراس سے بڑھ کر کون ظالم ہوگا جسے اس کے رب کی آیتوں ㉒
سے سمجھایا جائے پھر وہ ان سے منہ موڑے ہمیں تو گنہگاروں سے
بدلہ لینا ہے
ع ۱۵

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ
اِسْرَآءِيْلَ ۚ ㉓
اور البتہ ہم نے موسیٰ کو کتاب دی تھی پھر آپ اس کے ملنے میں ㉓
شک نہ کریں اور ہم نے ہی اسے بنی اسرائیل کے لیے راہ نما بنایا تھا

وَ جَعَلْنَا مِنْهُمْ اَىِٕمَّةً یَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا ؕ۫ وَ كَانُوْا بِاٰیٰتِنَا یُوْقِنُوْنَ ﴿۲۴﴾
اور ہم نے ان میں سے پیشوا بنائے تھے جو ہمارے حکم سے ﴿۲۴﴾
رہنمائی کرتے تھے جب انہوں نے صبر کیا تھا اور وہ ہماری آیتوں
پر یقین بھی رکھتے تھے

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ یَفْصِلُ بَیْنَهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فِیْمَا كَانُوْا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ ﴿۲۵﴾
بے شک تیرا رب ہی قیامت کے دن ان میں فیصلہ کرے گا جس بات ﴿۲۵﴾
میں وہ اختلاف کرتے تھے

اَوَ لَمْ یَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ یَمْشُوْنَ فِیْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ
فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ ؕ اَفَلَا یَسْمَعُوْنَ ﴿۲۶﴾
کیا انہیں اس سے بھی رہنمائی نہ ہوئی کہ ان سے پہلے ہم نے کتنی ﴿۲۶﴾
جماعتیں ہلاک کر دی ہیں جن کے گھروں میں یہ چلتے پھرتے ہیں
بے شک اس میں بڑی نشانیاں ہیں پھر کیا وہ سنتے بھی نہیں

اَوَ لَمْ یَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ الْمَآءَ اِلَى الْاَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ
اَنْعَامُهُمْ وَ اَنْفُسُهُمْ ؕ اَفَلَا یُبْصِرُوْنَ ﴿۲۷﴾ الثلاثة
کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم پانی کو خشک زمین کی طرف رواں کر ﴿۲۷﴾
کے ا س سے کھیتی نکالتے ہیں جس سے ان کے چار پائے اوروہ
خود بھی کھاتے ہیں پھر کیا وہ دیکھتے نہیں
الثلاثة

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿28﴾
اور کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو یہ فیصلہ کب ہوگا ﴿28﴾

قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِيْمَانُهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿29﴾
کہہ دو کہ فیصلہ کا دن کافرو ں کو ان کا ایمان لانا نفع نہ دے گا ﴿29﴾
اور نہ ہی انہیں مہلت دی جائے گی

فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ﴿30﴾
سو ان سے کنارہ کر اور انتظار کر وہ بھی انتظار کر رہے ہیں ﴿30﴾

ع ١٦

أياتُهَا-٧٣	سُوْرَةُ الأحزَاب(مدني)	رُكُوْ عَاتُهَا-٨
	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	
	شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے	

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ
﴿1﴾
اے نبی اللہ سے ڈر اور کافروں اور منافقوں کا کہا نہ مان بے شک ﴿1﴾
اللہ جاننے والا حکمت والا ہے

وَّاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۙ ﴿2﴾
اور اس کی تابعداری کر جو تیرے رب کی طرف سے تیری طرف ﴿2﴾
بھیجا گیا ہے بے شک اللہ تمہارے کاموں سے خبردار ہے

وَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿3﴾

اور اللہ پر بھروسہ کر اور اللہ ہی کارساز کافی ہے ③

مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنۡ قَلۡبَيۡنِ فِىۡ جَوۡفِهٖ‌ ۚ وَمَا جَعَلَ اَزۡوَاجَكُمُ الّٰٓـىِٴۡ تُظٰهِرُوۡنَ
مِنۡهُنَّ اُمَّهٰتِكُمۡ‌ ۚ وَمَا جَعَلَ اَدۡعِيَآءَكُمۡ اَبۡنَآءَكُمۡ‌ ؕ ذٰلِكُمۡ قَوۡلُـكُمۡ بِاَ فۡوَاهِكُمۡ‌ ؕ
وَاللّٰهُ يَقُوۡلُ الۡحَـقَّ وَهُوَ يَهۡدِى السَّبِيۡلَ ④

اللہ نے کسی شخص کے سینہ میں دو دل نہیں بنائے اور نہ اللہ نے ④
تمہاری ان بیویوں کوجن سے تم اظہار کرتے ہو تمہاری ماں بنایا ہے
اور نہ تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارا بیٹا بنایا ہے یہ تمہارے منہ
کی بات ہے اور اللہ سچ فرماتا ہے اور وہی سیدھا راستہ بتاتا ہے

اُدۡعُوۡهُمۡ لِاٰبَآئِهِمۡ هُوَ اَقۡسَطُ عِنۡدَ اللّٰهِ‌ ۚ فَاِنۡ لَّمۡ تَعۡلَمُوۡۤا اٰبَآءَهُمۡ فَاِخۡوَانُكُمۡ فِى
الدِّيۡنِ وَمَوَالِيۡكُمۡ‌ ؕ وَلَيۡسَ عَلَيۡكُمۡ جُنَاحٌ فِيۡمَاۤ اَخۡطَاۡ تُمۡ بِهٖ ۙ وَلٰكِنۡ مَّا تَعَمَّدَتۡ
قُلُوۡبُكُمۡ‌ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوۡرًا رَّحِيۡمًا ⑤

انہیں ان کے اصلی باپوں کے نام سے پکارو اللہ کے ہاں یہی پورا ⑤
انصاف ہے سواگر تمہیں ان کے باپ معلوم نہ ہوں تو تمہارے دینی
بھائی اور دوست ہیں اور تمہیں اس میں بھول چوک ہو جائے تو تم پر
کچھ گناہ نہیں لیکن وہ جو تم دل کے ارادہ سے کرو اور اللہ بخشنے
والا مہربان ہے

اَلنَّبِىُّ اَوۡلٰى بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ مِنۡ اَنۡفُسِهِمۡ وَاَزۡوَاجُهٗۤ اُمَّهٰتُهُمۡ‌ ؕ وَاُولُوا الۡاَرۡحَامِ
بَعۡضُهُمۡ اَوۡلٰى بِبَعۡضٍ فِىۡ كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَالۡمُهٰجِرِيۡنَ اِلَّاۤ اَنۡ تَفۡعَلُوۡۤا اِلٰٓى

اَوْلِيٰٓئِكُمْ مَّعْرُوْفًا ۭ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ۝
نبی مسلمانو ں کے معاملہ میں ان سے بھی زیادہ دخل دینے کا ۝
حقدار ہے اور اس کی بیویاں ان کی مائیں ہیں اور رشتہ دار اللہ کی
کتاب میں ایک دوسرے سے زیادہ تعلق رکھتے ہیں بہ نسبت دوسرے
مومنین اور مہاجرین کے مگر یہ کہ تم اپنے دوستوں سے کچھ سلوک
کرنا چاہو یہ بات لوح محفوظ میں لکھی ہوئی ہے

وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسَى
ابْنِ مَرْيَمَ ۠ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۝
اور جب ہم نے نبیوں سے عہد لیا اورآپ سے اورنوح اور ابراھیم ۝
اور موسیٰ اور مریم کے بیٹے عیسیٰ سے بھی اور ان سے ہم نے پکا
عہد لیا تھا

لِّيَسْــَٔلَ الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝
تاکہ سچوں سے ان کے سچ کا حال دریافت کرے اور کافروں کے ۝
لیے دردناک عذاب تیار کیا ہے
ع۱۷

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَاۗءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ
رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۚ ۝
اے ایمان والو! اللہ کے احسان کو یاد کرو جو تم پر ہوا جب تم پر ۝
کئی لشکر چڑھ آئے پھر ہم نے ان پر ایک آندھی بھیجی اور وہ لشکر

بھیجے جنہیں تم نے نہیں دیکھا اورجو کچھ تم کر رہے تھے اللہ دیکھ رہا تھا

اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ۟ ⑩

جب وہ لوگ تم پر تمہارے اوپر کی طرف اورنیچے کی طرف سے ⑩
چڑھ آئے اورجب آنکھیں پتھرا گئی تھیں اور کلیجے منہ کو آنے لگے
تھے اورتم اللہ کے ساتھ طرح طرح کے گمان کر رہے تھے

هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ⑪

اس موقع پر ایماندار آزمائے گئے اور سخت ہلا دیے گئے ⑪

وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اِلَّا غُرُوْرًا ⑫

اورجب کہ منافق اورجن کے دلوں میں شک تھا کہنے لگے کہ اللہ ⑫
اور اس کے رسول نے جو ہم سے وعدہ کیا تھا صرف دھوکا ہی تھا

وَاِذْ قَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ يٰٓاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ وَيَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا عَوْرَةٌ ۛ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۚۛ اِنْ يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ⑬

اورجب کہ ان میں سے ایک جماعت کہنے لگی اے مدینہ والو! ⑬
تمہارے لیے ٹھیرنے کا موقع نہیں سو لوٹ چلو اور ان میں سے کچھ

لوگ نبی سے رخصت مانگنے لگے کہنے لگے کہ ہمارے گھر اکیلے
ہیں اور حالانکہ وہ اکیلے نہ تھے وہ صرف بھاگنا چاہتے تھے

وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوْا بِهَآ اِلَّا
يَسِيْرًا ⑭

اور اگر کسی طرف سے کوئی ان پر گُھس آتا پھر ان سے فساد کی ⑭
درخواست کی جاتی تو فساد پر آمادہ ہو جاتے اور دیر نہ کرتے مگر
بہت ہی کم

وَلَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ؕ وَكَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْـُٔوْلًا ⑮

حالانکہ اس سے پہلے اللہ سے عہد کر چکے تھے کہ پیٹھ نہ پھیریں ⑮
گے اور اللہ سے عہد کرنے کی باز پرس ہوگی

قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا
قَلِيْلًا ⑯

کہہ دو اگر تم موت یا قتل سے بھاگو گے تو تمہیں کوئی فائدہ نہیں ⑯
ہوگا اور اس وقت سوائے تھوڑے دنوں کے نفع نہیں اٹھاؤ گے

قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ؕ
وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ⑰

کہہ دو کون ہے جو تمہیں اللہ سے بچا سکے اگر وہ تمہارے ساتھ ⑰
برائی کرنا چاہے یا تم پر مہربانی کرنا چاہے اور اللہ کے سوا نہ کوئی
اپنا حمایتی پائیں گے اور نہ کوئی مددگار

قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَالْقَآئِلِيْنَ لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ اِلَيْنَا ۚ وَلَا يَاْتُوْنَ
الْبَاْسَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ ⑱

تحقیق اللہ تم میں سے روکنے والوں کو جانتاہے اور جو اپنے ⑱
بھائیوں سے کہتے ہیں کہ ہمارے پاس آجاؤ اورلڑائی میں بہت ہی کم
آتے ہیں

اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۖۚ فَاِذَا جَآءَ الْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِىْ
يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ اَشِحَّةً عَلَى
الْخَيْرِ ۭ اُولٰٓئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ⑲

تم سے ہمدردی کرتے ہوئے پھر جب ڈر کا وقت آجائے تو تُو انہیں ⑲
دیکھے گا کہ تیری طرف دیکھتے ہیں ان کی آنکھیں پھرتی ہیں
جیسے کسی پر موت کی بے ہوشی آئے پھر جب ڈر جاتا رہے تو
تمہیں تیز زبانوں سے طعنہ دیتے ہیں مال کے لالچی ہیں یہ لوگ
ایمان نہیں لائے تو اللہ نے ان کے تمام اعمال ضائع کر دیے اور یہ
بات اللہ پر بالکل آسان ہے

يَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوْا ۚ وَاِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ بَادُوْنَ فِى
الْاَعْرَابِ يَسْاَلُوْنَ عَنْ اَنْۢبَآئِكُمْ ۭ وَلَوْ كَانُوْا فِيْكُمْ مَّا قٰتَلُوْٓا اِلَّا قَلِيْلًا ۧ ⑳ ع۱۸

خیال کرتے ہیں کہ فوجیں نہیں گئیں اور اگر فوجیں آجائیں تو ⑳
آرزوکریں کہ کاش ہم باہر گاؤں میں جا رہیں تمہاری خبریں پوچھا
کریں اور اگر تم میں بھی رہیں تو بہت ہی کم لڑیں ع۱۸

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ
وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا ۟ ㉑

البتہ تمہارے لیے رسول اللہ میں اچھا نمونہ ہے جو اللہ اور قیامت ㉑
کی امید رکھتا ہے اور اللہ کو بہت یاد کرتا ہے

وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ ۙ قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَ صَدَقَ اللّٰهُ
وَرَسُوْلُهٗ ز وَمَا زَادَهُمْ اِلَّآ اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا ۟ ㉒

اور جب مومنوں نے فوجوں کو دیکھا تو کہا یہ وہ ہے جس کا ہم ㉒
سے اللہ اور اس کے رسول نے وعدہ کیا تھا اور اللہ اور اس کے
رسول نے سچ کہا تھا اور اس سے ان کے ایمان اور فرمانبرداری میں
ترقی ہو گئی

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ
وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ۖ ز وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ۙ ㉓

ایمان والوں میں سے ایسے آدمی بھی ہیں جنہوں نے اللہ سے جو ㉓
عہد کیا تھا اسے سچ کر دکھایا پھر ان میں سے بعض تو اپنا کام پورا
کر چکے اور بعض منتظر ہیں اور عہد میں کوئی تبدیلی نہیں کی

لِّيَجْزِيَ اللّٰهُ الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۚ ﴿24﴾

تاکہ اللہ سچوں کو ان کے سچ کا بدلہ دے اور اگر چاہے تو منافقوں ﴿24﴾
کوعذاب دے یا ان کی توبہ قبول کرے بے شک اللہ بخشنے والا
مہربان ہے

وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا ؕ وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ ؕ
وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا ۚ ﴿25﴾

اور اللہ نے کافروں کو ان کے غصہ میں بھرا ہوا لوٹایا انہیں کچھ ﴿25﴾
بھی ہاتھ نہ آیا اور اللہ نے مسلمانوں کی لڑائی اپنے ذمہ لے لی اور اللہ
طاقت ور غالب ہے

وَاَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ صَيَاصِيْهِمْ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ
الرُّعْبَ فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ وَتَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا ۚ ﴿26﴾

اور جن جن اہل کتاب نے ان کی مدد ی تھی انہیں ان کے قلعوں سے ﴿26﴾
نیچے اتار دیا اور ان کے دلوں میں خوف ڈال دیا بعض کو تم قتل
کرنے لگے اور بعض کو قید کر لیا

وَاَوْرَثَكُمْ اَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَ اَمْوَالَهُمْ وَاَرْضًا لَّمْ تَطَـُٔوْهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى
كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ۧ ﴿27﴾

اور ان کی زمین اوران کے گھروں اور ان کےمالوں کا تمہیں مالک ﴿27﴾
بنا دیا اور زمین کا جس پر تم نے کبھی قدم نہیں رکھا تھا اور اللہ ہر
١٩ع چیز پر قادر ہے

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ
اُمَتِّعْكُنَّ وَاُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿28﴾

اے نبی اپنی بیویوں سے کہہ دو اگر تمہیں دنیا کی زندگی اور اس ﴿28﴾
کی آرائش منظور ہے تو آؤ میں تمہیں کچھ دے دلا کر اچھی طرح
سے رخصت کر دوں

وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ
اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿29﴾

اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول اور آخرت کو چاہتی ہو تو اللہ نے ﴿29﴾
تم میں سے نیک بختوں کے لیے بڑا اجر تیار کیا ہے

يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ مَنْ يَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ۭ
وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿30﴾

اے نبی کی بیویو تم میں سے جو کوئی کھلی ہوئی بدکاری کرے تو ﴿30﴾
اسے دگنا عذاب دیا جائے گا اور یہ اللہ پر آسان ہے